رہبر معظم کی طرف سے امام خمینی (رہ)کی سالگرہ کی مناسبت سے مجلس عزا کا انعقاد - 2 /Jun/ 2010

رہبر کبیر اور بانی انقلاب اسلامی حضرت امام خمینی (رہ) کی اکیسویں سالگرہ کے موقع پر رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کی جانب سے جمعرات 13/3/1389 مطابق 3 جون 2010ء کوقم کی مسجد اعظم میں نماز مغرب و عشاء کے بعد مجلس عزا منعقد ہوگیـ

اسی سلسلے میں رہبر معظم انقلاب اسلامی کے دفتر کی جانب سے مندرجہ ذیل اعلان صادر ہوا ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

14 خرداد مطابق 4 جون، ایران کے اقتدار ، سربلندی و سرافرازی کے مظہر اور امت کے مہربان، دلسوز اور بصیر امام (رہ) کے ہجراں کا دن ہے اور سزاوار ہے کہ قوم کے محبوب اور دلوں اور جانوں کے عزیز وعظیم پیشوا کے غم میں تعظیم و تکریم کی جائے اور امام خمینی (رہ) کا نام ان کی ممتاز خصوصیات اور بے مثال شخصیت کے ساتھ ہمیشہ زندہ و پائندہ رکھا جائےـ

اس عظیم اور ہمیشہ حاضر و ناظر پیشوا کی سالگرہ کے موقع پر مجلس عزا منعقد ہوتی ہے تاکہ ہم اس کے جاودانہ اور بلند اصولوں کے ساتھ اپنے عہد کی تجدید کریںـ

اسی مناسبت سے کل بروز جمعرات تیرہخرداد مطابق 3 جون ، مسجد اعظم قم میں نماز مغرب و عشاء کے بعد رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کی طرف سے مجلس عزا منعقد ہوگیـ

دفتررہبر معظم انقلاب اسلامی

12/3/89